وقـائع

صاحبزادہ ساجد الرحمن

سیـد صباح الدین عبدالرحمن

برصغیر پاک و ھند کے نامور مورخ ، عالم اور محقق سید صباح الدین عبدالرحمن لکھنو میں سڑک کے ایک حادثے کـی وجـہ سے ۱۸/نومبر ۸۷ء کو وفات پاگئے ۔

انـا للہ وانـا الیـہ راجعـون

مرحوم ممتاز دانشور اور ایک صاحب طرز ادیب تھے ، برصغیر کی مسلم تاریخ پر ان کی کتب سند کی حیثیت رکھتی ھیں ۔ معارف کے مدیر کی حیثیت سے ان کے قلم سے لکھے گئے شذرات مجلات کی تاریخ میں ایک بلند مقام رکھتے ھیں ۔ دار المصنفین اعظم گڑھـ کے ناظم کی حیثیت سے انھوں نے گراں قدر علمی و تحقیقی خدمات سر انجام دیں ۔ مرحوم کی وفات کی اچانک خبر سے ادارہ تحقیقـات اسلامی کے جملہ رفقاء کو از حد رنج ھوا ۔ ادارہ میں ایک تعزیتی اجلاس منعقد ھوا، جس کی صدارت بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی کے ریکٹر جناب ڈاکٹر محمد افضل صاحب نے فرمائی ۔ اجلاس سے صدر تقریب کے علاوہ بہاول پور یونیورسٹی کے سابق وائس چانسلر مولانا محمد ناظم ندوی ، سلیمان اکیڈیمی پشاور کے ڈائریکٹر مولانا محمد اشرف، اسلامی یونیورسٹی کی شریعہ فیکلٹی کے ڈین پروفیسر ظفر اسحق ، پروفیسر قدرت اللہ فاطمی، کیبنٹ ڈویژن کے جوائنـٹ سیکرٹری شاہ محی الحق فاروقی، مشہور صحافی جنـاب حسـان

کلیمی اور ادارہ کے ڈائریکٹر جنرل ڈاکٹر شیر محمد زمان صاحب نے خطاب فرمایا، مقرّرین نے مرحوم کی علمی و تحقیقی خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ۔

ادارہ تحقیقات اسلامی نے مولانا مرحوم کی گراں قدر علمی و تحقیقی خدمات کے اعتراف میں مجلہ فکرونظر کے جنوری تا مارچ کے شمارے کو اُن کیلئے مختص کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور یہ طے پایا ہے کہ اس نمبر کو تین ابواب میں تقسیم کیا جائے گا ۔ باب اول مولانا مرحوم سے متعلق معلوماتی اور تاثراتی مضامین پر مشتمل ہوگا ۔ باب دوم میں ان مقالات کو شامل کیا جائے گا جو مولانا کے علمی و تحقیقی کارناموں کے تجزیے سے متعلق ہونگے ۔ تیسرے باب میں مولانا کے منہج تحقیق یعنی تصوف اور اسلامی تاریخ کے کسی بھی پہلو پر دستیاب تحقیقی مقالات شامل اشاعت ہونگے ۔ ان شاء اللہ ۔

ہماری دعا ہے اللہ جل شانہ مرحوم کو جنت الفردوس میں بلند مقام سے سرفراز فرمائے ۔ آمین ۔

تعارفی تقریب :

۲۰ دسمبر ۱۹۸۷ء کو ادارہ تحقیقات اسلامی کے زیر اہتمام یونیورسٹی آڈیٹوریم میں تصوف کی امہات الکتب میں سے دو یعنی ,,الرسالۃ القشیریہ،، اور ,, کتاب اللمع،، کے اردو ترجمے کی تعارفی تقریب منعقد ہوئی ۔ یہ دونوں ترجمے معروف عالم و محقق ڈاکٹر پیر محمد حسن صاحب کے قلم سے ہیں اور ادارہ تحقیقات اسلامی سے شائع کئے گئے ہیں ۔ تقریب کے مہمان خصوصی ہاؤسنگ اور تعمیرات کے وفاقی وزیر جناب حاجی محمد حنیف طیب تھے ، جبکہ صدارت کے فرائض بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد کے ریکٹر جناب ڈاکٹر محمد افضل صاحب نے ادا کئے ۔ ملک کے ممتاز